BRAMPTON

**Media Release**

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن، برامپٹن میں صحت کی دیکھ بھال کی سہولیات کے مضبوط مستقبل کی تعمیر پر سرمایہ کاری کے اپنے عزم کی ایک کڑی کے طور پر شیریڈن کے نئے 'سنٹر فار ہیلدی کمیونٹیز' کے لیے 2.5$ ملین کی فنڈنگ دے رہا ہے

برامپٹن، آن (7 جون 2022) – سٹی آف برامپٹن صحت کی دیکھ بھال کی مقامی سہولیات کے ایک مضبوط مستقبل میں سرمایہ کاری جاری رکھے ہوئے ہے اور اس ضمن میں برامپٹن سٹی کونسل نے شیریڈن کالج کے نئے سنٹر فار ہیلدی کمیونٹیز (Centre for Healthy Communities) کی مالی مدد کے لیے 2.5$ ملین کی فنڈنگ کی منظوری دے دی ہے۔

دائمی بیماریوں کے شکار لوگوں کو بہتر دیکھ بھال فراہم کرنے اور پیل ریجن کی پیشہ وارانہ طبی ماہرین کی اہم ضرورت کو پورا کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے، سنٹر فار ہیلدی کمیونٹیز درج ذیل اقدامات اٹھا رہا ہے:

- برامپٹن، پیل اور اونٹاریو کے لوگوں کی دیکھ بھال کرنے کے لیے برامپٹن میں نرسوں اور صحت کے دیگر متعلقہ پیشہ وارانہ ماہرین کی اگلی نسل کو تربیت دینا؛ اور نگہداشت کے ثقافتی طور پر قابل قبول مراکز کے لیے مشترکہ ویژن کو معاونت فراہم کرنا۔
- طلباء، ماہرین تعلیم، طبی پیشہ وارانہ ماہرین، اختراعی ٹیکنالوجی کے حاملین، سماجی خدمات فراہم کرنے والوں اور رہائشیوں کے درمیان جدت اور شراکت کی بنیاد پر ایک شاندار تجربہ گاہ فراہم کرنا۔
- پیشہ ورانہ ماہرین اور بیماریوں کی روک تھام کی خدمات کے درمیان ہم آہنگی کے ذریعے دائمی بیماریوں سے نمٹتے ہوئے ہال وے کی صحت کی دیکھ بھال کو اعانت فراہم کرنا۔
- تعمیر، دیکھ بھال، تعلیم، صحت کی دیکھ بھال اور انتظامیہ، صنعت میں شراکت داری اور علاقے کے لیے بہتر ٹرانزٹ رابطوں میں اندازے کے مطابق 200 سے 500 نئی ملازمتوں کے ذریعے مقامی اور علاقائی طور پر اقتصادی ترقی کو آگے بڑھانا۔
- برامپٹن میں کلینکل کائنسیولوجی، ریگولیٹری افیئرز اور کلینیکل ریسرچ میں گریجویٹ سرٹیفکیٹ شامل کرکے اور صوبائی منظوری کی وجہ سے زیر التواء معاملات کو نمٹاتے ہوئے، بیچلرز آف نرسنگ اینڈ آسٹیوپیتھی میں پوسٹ سیکنڈری اختیارات میں اضافہ کرنا۔

سٹی کی جانب سے یہ فنڈنگ شیریڈن کی 20$ ملین کی سرمایہ کاری کے عزم کی تکمیل کرتی ہے اور یہ برامپٹن کے ڈیوس کیمپس میں ایک نئی عمارت کے لیے منصوبہ بندی اور مشاورت میں معاونت فراہم کرے گی۔ کچھ نئے پروگرام 2022 کے موسم خزاں کے آغاز سے ہی شروع ہو جائیں گے، جبکہ باقی منظوری مل جانے کے بعد اور نئی جگہوں کی دستیابی پر مہیا کر دیے جائیں گے۔

**فیئر ڈیل فار برامپٹن**

22 جنوری 2020 میں، سٹی آف برامپٹن نے ہیلتھ کیئر ایمرجنسی کا اعلان کیا تھا اور برامپٹن میں صحت کی دیکھ بھال کے فرق پر قابو پانے کے لیے صوبے سے اضافی فنڈنگ کی درخواست کرتے ہوئے اپنی وکالت کی مہم "فیئر ڈیل فار برامپٹن" کا آغاز بھی کیا تھا۔ سٹی، برامپٹن میں صحت کی دیکھ بھال کی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کرتا رہتا ہے کہ صحت کی دیکھ بھال کرنے والوں کی اگلی نسل اپنے ہی شہر میں مقامی طور پر تربیت حاصل کر سکے۔

'فیئر ڈیل فار برامپٹن' مہم کے بارے میں مزید معلومات کے لیے Brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**فوری حقائق:**

- مارچ 2021 میں، سٹی نے اوسلرز پیل میموریل سنٹر فار انٹیگریٹڈ ہیلتھ اینڈ ویلنیس کو ایک نئے ہسپتال کی شکل میں توسیع دینے کے لیے صوبائی حکومت کی جانب سے بجٹ کے اعلان کا خیرمقدم کیا تھا۔
- 2022 کے بجٹ میں ایک حصے کے طور پر، سٹی نے نئے پیل میموریل ہسپتال کے لیے مقامی حصے کے لیے 62.5M$ کی فنڈنگ مختص کر کے صحت کی دیکھ بھال کی توسیع کے لیے اپنی وابستگی ظاہر کی ہے۔ اپریل کے مہینے میں، سٹی نے اس عزم کو قائم کرنے اور صحت کی دیکھ بھال میں توسیع کی حمایت کے لیے ایک فیصد ہسپتال لیوی کی منظوری دی تھی۔
- مارچ 2022 میں، اونٹاریو کی حکومت نے اعلان کیا تھا کہ وہ صحت کی دیکھ بھال کے ایک مضبوط اور زیادہ لچکدار نظام کی تعمیر کے لیے میڈیکل اسکول کی تعلیم کو وسعت دے رہی ہے، جس میں ریئرسن یونیورسٹی سکول آف میڈیسن شامل ہے، جب یہ برامپٹن میں 2025 میں کھلے گا، تو اس میں ہمارے طلباء کے لیے 80 انڈرگریجویٹ سیٹیں اور 95 پوسٹ گریجویٹ سیٹیں دستیاب ہوں گی۔ جولائی 2021 میں، برامپٹن سٹی کونسل نے شہر میں مستقبل کے سکول آف میڈیسن کی فنڈنگ میں مدد کے لیے 1$ ملین پلاننگ گرانٹ کے حق میں ووٹ دیا تھا، جو اس سال کے اوائل میں صوبہ اونٹاریو کی جانب سے لگائے گئے فنڈز سے مماثل ہے۔ برامپٹن میں میڈیکل سکول کا قیام شہر کی جانب سے معاونت کے جاری کاموں کا کا ایک اہم حصہ رہا ہے اور اسے سٹی کے 2022 اونٹاریو پری بجٹ تجاویز میں شامل کیا گیا تھا۔
- اپریل 2022 میں، صوبے نے اعلان کیا کہ وہ اوسلر کی جانب سے پیل میموریل کو 24/7 ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ اندرونی مریضوں کے نئے ہسپتال میں تبدیل کرنے اور برامپٹن سوک ہسپتال میں کینسر کی دیکھ بھال کی خدمات کو بڑھانے کے لیے 21$ ملین کی سرمایہ کاری کر رہا ہے۔

**اقتباسات**

"سٹی آف برامپٹن صحت کی دیکھ بھال کے اپنے مقامی نظام کو مضبوط کرنے کے لیے وقف ہے جو مقامی ہنر کو فروغ دیتا ہے، اقتصادی ترقی کرتا ہے اور ہمارے رہائشیوں کی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ شیریڈن کالج کے نئے سنٹر فار ہیلدی کمیونٹیز کے لیے یہ عزم نہ صرف ہمارے رہائشیوں کے لیے صحت کی دیکھ بھال کی دستیابی کو بہتر بنائے گا بلکہ مقامی طور پر مستحکم اقتصادی ترقی کو بھی تقویت دے گا، جس سے ملازمتوں کے مواقع پیدا کرنے اور ہنرمند افراد کو راغب کرنے اور انہیں برقرار رکھنے میں مدد ملے گی، جس میں ایک اندازے کے مطابق صرف برامپٹن کے شیریڈن کیمپس میں 200 سے 500 کل وقتی ملازمتیں شامل ہیں۔"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن کے رہائشی ہمارے بڑھتے ہوئے شہر میں عالمی معیار کی صحت کی دیکھ بھال اور تعلیم کے مواقع کے مستحق ہیں۔ شیریڈن کالج کے علاقائی کونسلر کے طور پر، مجھے اس سرمایہ کاری کی حمایت کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے، جس سے ہمیں ثانوی کے بعد کی معیاری تعلیم کی فراہمی کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی، جبکہ یہاں آجروں کو ہنرمند افراد کی بھی ضرورت ہو گی، اور اس طرح ہمیں اپنی کمیونٹی کی صحت کی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔"

*- مارٹن میڈیروس ریجنل کونسلر وارڈز 3 اور 4، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن کینیڈا کی سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی اور کم عمر ترین کمیونٹیز میں سے ایک ہے اور مواقع کا ایک شہر ہونے کے طور پر، ہم اپنے رہائشیوں کے لیے بعد از ثانوی تعلیم کے مواقع کو بڑھانے اور مستقبل میں صحت کی دیکھ بھال کی ضروریات کے لیے تیار رہنے کے لیے پُر عزم ہیں۔ شیریڈن کالج کے نئے سنٹر فار ہیلدی کمیونٹیز میں یہ سرمایہ کاری برامپٹن کے طبی پیشہ وارانہ ماہرین کی ضرورت میں اضافہ کرنے اور اپنے رہائشیوں کو مقامی تعلیمی کے مواقع فراہم کرنے میں مدد کرے گی۔"

*- پال موریسن، انٹیرم چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

"ہم برامپٹن میں پوسٹ سیکنڈری آپشنز کو بڑھانے پر بہت پرجوش ہیں، خاص طور دائمی بیماریوں سے نمٹنے کے حوالے سے اپنی کمیونٹی کی اہم ضروریات پر توجہ مرکوز کرتے ہمیں خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ پیل کے نصف رہائشیوں کو کم از کم ایک دائمی بیماری کی تشخیص ہوئی ہے اور برامپٹن کی 73 فیصد آبادی ایک نظر آنے والی اقلیت ہے اور ثقافتی طور پر

موزوں نگہداشت تک رسائی سے محروم ہے۔ اس کمیونٹی کو سنٹر فار کرونِک ڈیزیز مینجمنٹ ( Centre for Chronic Disease Management) کی ضرورت ہے جو اس پروجیکٹ کا حصہ ہو گا تاکہ ذیابیطس، دل کی بیماریوں اور دیگر ایسی دائمی بیماریوں کے شکار لوگوں کے لیے روک تھام اور اہم انتظامی ضروریات کو پورا کیا جا سکے، جن کی وجہ سے لوگوں کو ایمرجنسی روم کا رُخ کرنا پڑتا ہے۔ برامپٹن میں پوسٹ سیکنڈری ہیلتھ کیئر کی کم از کم 700 نئی نشستیں فراہم کر کے، ہم پیل ریجن میں صحت کی دیکھ بھال کے اعلیٰ تربیت یافتہ اور مقامی پیشہ وارانہ ماہرین کو پاس رکھنے میں مدد کر رہے ہیں۔"

- *جینٹ موریسن، پریزیڈنٹ اور وائس چانسلر، شیریڈن کالج*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca